ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

15.06.2021

**بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی فاسٹ پولیسنگ کا نتیجہ، پچھلے 20 دنوں کی قلیل مدت میں تھانہ سول لائنز پولیس نے مختلف وارداتوں میں ملوث عمیری گینگ کے سرغنہ کو02 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، لاکھوں روپے مالیتی 21 عدد موٹر سائیکلیں برآمد کر کے مالکان کے حوالے کی گئیں، اگر شہریوں کا چوری شدہ مال پولیس برآمد کر کے مالکان کے حوالے کردے تو پولیس پر عوام کا اعتماد بحال ہوتا ہے، عوام اور پولیس کے درمیان فاصلے کم ہوتے ہیں، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس انعام غنی کی "عوام خدمت پالیسی" کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے بہاول پور میں چارج سنبھالتے ہی بہاولپور پولیس کی ٹاسکنگ کی، جس کے نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ سول لائنز پولیس نے مختلف وارداتوں میں ملوث عمیری گینگ کے سرغنہ کو02 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، گینگ میں شامل ملزمان محمد عمیر عرف عمیری، محمد آصف اور محمد صغیر کو جدید سائنسی طریقہ کار اپناتے ہوئے گرفتار کیا، ملزمان کی نشاندہی پر ان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیتی 21 عدد موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں، ملزمان سے دوران واردات استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز بھی برآمد کر کے ان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کیے گئے، برآمد شدہ مال مسروقہ کو قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے اصل مالکان کے حوالے کیا گیا، جنہوں نے پولیس کی پرفارمنس کو سراہتے ہوئے بہاول پور پولیس کو خراج تحسین پیش کیا اور اظہار کیا کہ ڈی پی او محمد فیصل کامران کی کمانڈ میں بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کررہی ہے جس کے نتیجے میں آج ہمیں چوری شدہ موٹر سائیکلیں واپس ملیں ہیں، اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا فرض ہے کہ PRO ACTIVE POLICEY کریں، لیکن اگر کوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو اس کو ٹریس کرنا اور شہریوں کا کھویا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک ٹاسک ہوتا ہے جس کو تھانہ سول لائنز پولیس نے بخوبی نبھایا ہے، ڈی پی او نے سول لائنز پولیس کی کارکردگی کو سراہا اور مستقبل میں بھی ایسی کارروائیاں کرنے کے لیے ضلع بہاول پور کے تمام ایس ایچ اوز کو ٹاسک دیئے۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس



بہاول پور: تھانہ سول لائنز پولیس کی کامیاب کارروائی، عمیری گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی 21 عدد موٹر سائیکلیں اور اسلحہ ناجائز برآمد، دوسری طرف مالکان کو برآمد شدہ موٹر سائیکلیں حوالے کرتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

15.06.2021

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی "اوپن فورم پالیسی" کے تحت کھلی کچہری کا سلسلہ جاری، 66 معزز شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے جن کو متعین وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے گئے، میری پالیسی شروع دن سے لیکر میری تعیناتی تک یہی رہے گی، کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر عوام کے مسائل میرٹ پر حل کرنا ہے اطمینان محسوس کرتا ہوں کہ بہاول پور کے عوام مجھ پر اعتماد رکھتے ہیں، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس انعام غنی کے ویژن کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی "اوپن فورم پالیسی" کے تحت کھلی کچہری کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں، گزشتہ روز بھی 66 معزز شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، جس پر ڈی پی او نے فرداً فرداً متعلقہ آفیسران کو میرٹ پر کارروائی کرنے کے احکامات جاری کیے، میں جو ویژن اور پالیسی لیکر ضلع بہاول پور پولیس کی کمانڈ سنبھالی میں اسی پالیسی کے تحت اپنی تعیناتی کے آخری دن تک عمل پیرا رہوں گا، مجھے یہ بات سن کر اطمینان محسوس ہوتا ہے کہ عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہو رہے ہیں، شہریوں کی بڑی تعداد میں کھلی کچہری میں آنے پر بہاول پور کی عوام کا مجھ پر اعتماد ظاہر ہوتا ہے، حتی الامکان کوشش ہے کہ عوام کی امیدوں پر پورا اتروں، ان خیالات کا اظہار ڈی پی او محمد فیصل کامران نے کھلی کچہری میں شریک شہریوں کے ساتھ کیا۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس



بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کا اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری لگانے کا سلسلہ جاری، سائلین کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کر رہے ہیں۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

15.06.2021

**بہاولپور؛ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے مختلف مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کی گرفتاری کیلئے کمپین کا آغاز کر دیا، جس کے تحت تھانہ صدر بہاولپور نے کارروائی کرتے ہوئے "اے" کیٹیگری کے اشتہاری ملزم محمد عمران کو گرفتار کرلیا۔ ملزم بہاولپور پولیس سمیت جنوبی پنجاب میں راہزنی اور ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھا۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب انعام غنی کی پی او کمپین کے سلسلے میں ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ضلع بہاولپور میں اشتہاریوں کی گرفتاریوں کیلئے مہم کو تیز کیا اور تمام ایس ایچ اوز کو اشتہاریوں کی گرفتاری کیلئے ٹاسک دیے۔ اس سلسلے میں تھانہ صدر بہاولپور نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے جنوبی پنجاب میں راہزنی اور ڈکیتی کی مختلف وارداتیں کرنے والے ملزم عمران اشتہاری کیٹیگری اے کو IT بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے گرفتار کرلیا۔ ملزم تھانہ صدر پولیس کو بھی مختلف مقدمات میں مطلوب تھا۔ جس سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اس موقع پر افسران سے بات کرتے ہوئے کہا کہ آئی جی پنجاب انعام غنی کی اشتہاریوں کی گرفتاری بارے کلیئر پالیسی ہے جس کو ہر صورت اپنایا جائے گا اور جتنے بھی اشتہاری ملزمان آزاد ہیں ان کو میری دی گئی ڈیڈ لائن سے پہلے گرفتار کریں۔ مزید انہوں نے تھانہ صدر بہاولپور پولیس کو اس کارروائی پر شاباش دی۔



بہاول پور: تھانہ صدر بہاول پور پولیس کی کارروائی، بہاولپور پولیس سمیت جنوبی پنجاب میں راہزنی اور ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں مطلوب "A" کیٹیگری کا مجرم اشتہاری پولیس حراست میں موجود۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

15.06.2021

**بہاول پور() تھانہ کینٹ پولیس کی کامیاب کارروائی،نوکری کا جھانسہ دیکر لوگوں سے پیسے بٹورنے والا کارندہ گرفتار، برآمدشدہ رقم مدعی کے حوالے کردی، یہ جرائم ایسے ہوتے ہیں جن سے معاشرہ کا پسا ہوا طبقہ اثر انداز ہوتا ہے، بیروزگار اورغریب شہری پہلے ہی گردش روزگار سے تنگ ہوتے ہیں،جس کا مجھے احساس ہے،ڈی پی او محمد فیصل کامران**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس انعام غنی کی پولیسنگ کے نظریے کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے کھلی کچہری میں آنے والے درخواست دہندہ شہری محمد فیصل کا موقف سنا،جس نے بتلایا کہ ایک ریاض نامی شخص نے دھوکہ دہی اور فراڈ کرتے ہوئے اس سے رقم ہتھیالی ہے،جس کی درخواست پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے فوری طور پر مقدمہ کے اندراج کا حکم اور ایس ایچ او تھانہ کینٹ کی سربراہی میں ایک ٹیم تشکیل دی جس نے آئی ٹی اور دیگر جدید تکنیکی سہولیات کا استعمال کرتے ہوئے 02 دن کے اندر ملزم محمد ریاض کو مقدمہ درج ہونے کے بعد گرفتار کیا اور معزز شہری کی رقم برآمد کی،ملزم پہلے بھی پولیس کو مختلف نوسربازی کے مقدمات میں مطلوب تھا۔جس پر شہری محمد فیصل نے ڈی پی او بہاول پور اور پولیس کو دل سے دعائیں دیں،اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے کہا کہ یہ جرائم ایسے ہوتے ہیں جن سے معاشرے کا پسا ہوا طبقہ نہایت اثر انداز ہوتا ہے او رروزگار کی تلاش میں لوگ نوسربازوں کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں،ایسے جرائم پیشہ افراد کا معاشرے کے تنگ دست لوگوں کو لوٹنا ظلم کے زمرے میں آتا ہے،جن کو گرفتار کر کے معاشرے کو ایسی گندگی سے پاک کیا جائے گا۔

عمر سلیم

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

15.06.2021

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ٹریفک حادثہ میں وفات پانے والے کانسٹیبل محمد ارسلان کے نماز جنازہ میں شرکت، لواحقین سے اظہاری ہمدردی اور مکمل محکمانہ مراعات دینے کی یقین دہانی، میری سپاہ میرے لیے ایک فیملی کی طرح ہیں، میں آپ کی دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ کھڑا ہوں، میرے دفتر کے دروازے ہمیشہ آپ کے لیے کھلے ہیں، ڈی پی او۔**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے یزمان میں ٹریفک حادثہ میں وفات پانے والے کانسٹیبل محمد ارسلان کی نماز جنازہ میں شرکت کی، کانسٹیبل جو کہ تھانہ سول لائنز میں تعینات تھا ڈیوٹی سے واپس جاتے ہوئے ٹریفک حادثہ میں وفات پا گیا تھا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے متوفی کی فیملی سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ میری سپاہ میرے لیے ایک فیملی کی طرح ہیں، میں آپ کی دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہوں جتنی بھی محکمانہ مراعات گورنمنٹ کی میسر ہیں لواحقین کو دی جائیں گی، میرے آفس کے دروازے ہمیشہ آپ کے لیے کھلے ہیں، میرا پرسنل نمبر موجود ہے جہاں پر بلا جھجک آپ مجھ سے رابطہ کر سکتے ہیں، نماز جنازہ میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔



ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ٹریفک حادثہ میں وفات پانے والے کانسٹیبل محمد ارسلان کے نماز جنازہ میں شرکت

عمر سلیم

ترجمان پولیس